## سوال

ہوائی جہاز کے بیت الخلاء میں اگر مسافر وضوء کرے تو فرش پر پانی گرنے سے ہوائی جہاز کو ٹیکنیکل نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے، کیا اس بنا پر مسافر کے لیے صرف وضوء کے اعضاء ایک ایک بار دھونا کافی ہیں تاکہ پانی میں اسراف نہ ہو؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

میرے خیال کے مطابق یہ صحیح نہیں، کیونکہ عقل مند اور معرفت رکھنے والا انسان جب وضوء کرتا ہے تو وضوء کا پانی بیسن میں ہی گرتا ہے، جی ہاں بعض لوگوں کا علم نہیں ہو سکتا ہے وہ بیسن سے باہر پانی گراتے ہوں لیکن وضوء کرتے وقت پانی میں اسراف کرنا جائز نہیں

واللہ اعلم.

علام المسافرین ببعض آداب واحکام السفر وما یخص الملاحین الجویین تالیف : فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین صفحہ (13)

**12159**